کریسنٹ اسٹار انشورنس لمیٹڈ

اطلاع سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کریسنٹ اسٹار انشورنس لمیٹڈ کے حصص داران کا 68واں سالانہ اجلاس عام بمقام سیکنڈ فلور، نادر ہاؤس آئی آئی، چندریگر روڈ، کراچی درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے 29 اپریل 2025ء کو صبح 9:00 بجے منعقد ہوگا۔

عمومی امور:

1۔ 26 اپریل 2024ء کو منعقدہ 67ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق اور منظوری دینا۔

2۔ 31 دسمبر 2024ء مختتمہ سال کے لئے کمپنی کے نظرثانی شدہ مالی حسابات معہ ان پر چیئرمین کی جائزہ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 ("ایکٹ") کے سیکشن (6)223 کے تحت ضرورت کے مطابق، کمپنی کے مالی بیانات کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے گئے ہیں، جنہیں درج ذیل لنک اور/یا QR فعال کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

http://cstarinsurance.com/Investor-Information/Financial-Statements

3۔ 31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرہ کا تعین کرنا۔

خصوصی امور:

4۔ غور وخوض اور اگر مناسب سمجھا گیا تو کمپنی کے مجاز شیئر سرمایہ میں اضافہ کو منظور کرنا اور مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد یں، ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر پاس کرنا؛

"قرار پایا ہے کہ کمپنی کے مجاز سرمائے کو 1,150,000,000 روپے جو کہ ہر ایک -/10 روپے کے 115,000,000 عام حصص میں تقسیم شدہ سے بڑھا کر -/1,500,000,000 روپے جو کہ ہر ایک -/10 روپے کے 150,000,000 عام حصص میں تقسیم شدہ کیا جائے اور کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی کلاز V میں الفاظ اور اعداد کو اس کے مطابق ترمیم کیا جائے۔"

مزید قرار پایا ہے کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو یا کسی ایک ڈائریکٹر اور/یا کمپنی سیکریٹری کو مندرجہ بالا کے سلسلے میں تمام ضروری کارپوریٹ اور قانونی رسمی کارروائیوں کو مکمل کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔

5 کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 83 کے مطابق رائٹ کے ذریعے کمپنی کے عام شیئرز جاری کرنے کے لئے ایک خصوصی قرارداد منظور کرنا۔ اس بابت میں مندرجہ ذیل خصوصی قراردادوں کو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر پاس کرنے کی تجویز دی گئی ہے:

"قرار پایا ہے کہ ہر ایک -/10 روپے (پاکستانی دس روپے) کی قیمت کے مزید 40,924,116 (چالیس ملین نو سو چوبیس ہزار ایک سو سولہ) عام حصص جاری کر کے کمپنی کے عام جاری کردہ ادا شدہ حصص سرمائے میں اضافہ کیا جائے، جو کہ کمپنی کے ممبران کو ہر 100 عام حصص کے لئے تقریباً 38 رائٹ شیئرز یعنی تقریباً 38 فیصد کے تناسب سے -/7 روپے (پاکستانی سات روپے) پر -/3 روپے (پاکستانی تین روپے) فی رائٹ شیئر کی قیمت پر پیش کیے جائیں گے کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 83 کی دفعات کے مطابق اور قابل اطلاق قوانین اور ریگولیٹری تقیملات کے تابع، کمپنی کو سبسکرائب کیے گئے حصص کی قیمت کی ادائیگی کے مقابل، کمپنی کی حصص کی منتقلی کتابوں کی بندش سے فوراً پہلے ہر شیئر ہولڈر کے پاس موجود حصص کی تعداد کے تناسب سے رائٹ شیئرز پیش کیے جائیں گے، جو حصص کمپنی کے موجودہ عام حصص ("رائٹ اجراء") کے ساتھ ہر لحاظ سے پاری پاسو درجہ بندی کے ہونگے۔ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ ڈسکاؤنٹ پر رائٹ اجراء ایس ای سی پی کی منظوری سے مشروط ہے۔

"مزید قرار پایا ہے کہ رائٹس اجراء کی مقدار، سائز، قیمت اور مقصد کے ساتھ ساتھ آمدنی کے استعمال، کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کو اس کے فوائد، رائٹس اجراء سے وابستہ خطرے کے عوامل، اوکمپنیز (مزید حصص کا اجراء) ریگولیشنز، 2020 کے ریگولیشن 3(1)(iii) کے مطابق ڈسکاؤنٹ پر حصص کے اجراء کا جواز جیسا کہ دفعہ 134(3) کے تحت بیان میں دیا گیا ہے۔"

"مزید قرار پایا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 83(2) کے تحت مقرر کردہ لیٹر آف آفر کمپنی کے کسی بھی دو (2) ڈائریکٹرز کی جانب سے قابل اطلاق قوانین کی تعمیل میں مشترکہ طور پر جاری یا دستخط کیے جائیں گے۔"

"مزید قرار پایا ہے کہ کمپنی کے کسی بھی دو (2) ڈائریکٹرز کو ریگولیشنز کے تحت طے شدہ طریقہ کار کے مطابق حتمی شکل دیے جانے کے بعد لیٹر آف آفر کے ساتھ سرکلر پر دستخط کرنے کا اختیار دیا جائے گا۔"

"مزید قرار پایا ہے کہ تمام جزوی حقوق، اگر کوئی ہیں، کمپنی کی طرف سے ضم اور نمٹائے جائیں گے اور اس طرح کے معاہدے سے حاصل ہونے والی آمدنی ان حقدار شیئر ہولڈرز کو ادا کی جائے گی جنہوں نے اس طرح کی پیش کش کو قبول کیا ہے۔"

"مزید قرار پایا ہے کہ کسی بھی غیر سبسکرائب شدہ حصص کو سبسکرائب کرنے کے لئے انڈر رائٹرز کو بلانے سے قبل کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 83(1)(a)(4) کے مطابق ایسے افراد کو کوئی بھی غیر سبسکرائب شدہ حصص پیش اور الاٹ کیے جاسکتے ہیں، جس میں اسپانسرز/کیئر شیئر ہولڈرز، ڈائریکٹرز یا کسی تیسرے فریق کے متعلقہ ادارے شامل ہیں۔

"مزید قرار پایا ہے کہ کوئی بھی ڈائریکٹر یا کمپنی سیکریٹری اور/یا چیف فنانشل آفیسر اس بات کے واحد مجاز ہیں کہ وہ پیش کش کی دستاویز/لیٹر کے مسودے کو حتمی شکل دے کر سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس) کے ساتھ شیئر کریں اور ایس ای سی پی اور پی ایس ایکس کے مشاہدات اور تبدیلیوں کی بنیاد پر قیمت سمیت اس پر نظر ثانی کریں جیسا کہ کمپنیز (حصص کا مزید اجراء) ریگولیشنز، 2020 کے تحت مقرر کردہ طریقہ کار کے ساتھ ساتھ اس سلسلے میں دیگر ضروری دستاویزات تیار کرنا اور جمع کرانا۔ ایس ای سی پی اور/یا کسی دیگر ریگولیٹری باڈی کی جانب سے تجویز، ہدایت اور مشورہ کے مطابق کوئی بھی ترمیم، اصلاح، اضافہ یا حذف ان خصوصی قراردادوں کا حصہ سمجھا جائے گا جس میں شیئر ہولڈرز کو نئی خصوصی قرارداد منظور کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اگرچہ مسودہ آفر لیٹر پی ایس ایکس پر پیش کیا جائے گا، لیکن اس پر عوامی رائے طلب کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

"مزید قرار پایا ہے کہ کوئی بھی ڈائریکٹر، یا چیف فنانشل آفیسر، اور/یا کمپنی سیکریٹری، اور ان میں سے ہر ایک بذریعہ ہذا مجاز ہے کہ ان میں سے کوئی بھی کمپنی کے لئے اور اس کی طرف سے اور اس کے نام پر مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی یا کوئی بھی کام کرسکتا ہے:

(i) رائٹ اجراء کے لئے نسلسلٹنٹ/مشیروں/آڈیٹرز اور انڈر رائٹرز مقرر/کے ساتھ بات چیت کرنا، شرائط وضوابط کو حتمی شکل دینا اور انڈر رائٹنگ معاہدوں، دیگر دستاویزات پر دستخط کرنا اور فیسیں، انڈر رائٹنگ کمیشن، کمیشن اور تھرڈ پارٹی اخراجات اور/یا رائٹ اجراء سے متعلق کسی بھی دیگر اخراجات طے کرنا/حتمی شکل دینا؛

(ii) ادائیگی کی تاریخ سمیت رائٹ شیئرز کے اجراء کے لئے شیڈول تیار کرنا، اور مذکورہ شیڈول میں کوئی ترمیم کرنا، اس اجراء میں بینکرز کی تقرری، کتابوں کی بندش کی تاریخوں کا اعلان کرنا، اور ایس ای سی پی، پی ایس ایکس، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("سی ڈی سی") (بشمول، لیکن سی ڈی سی کے سینٹرل ڈپازٹری سسٹم میں رائٹ شیئرز کی پیشکش کو شامل کرنے تک محدود نہیں ہے) یا کسی دیگر اتھارٹی/باڈی کے تقاضہ کے مطابق رائٹ اجراء اور اس سے متعلقہ امور کے سلسلے میں تمام ضروری اقدامات کرنا؛

(iii) کمپنی کے حصص منتقلی کی کتابوں کی بندش کا فیصلہ اور اس کی تاریخوں کا اعلان کرنا تا کہ رائٹ اجراء میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے حقوق کا تعین کیا جاسکے۔

(iv) رائٹس شیئرز کی سبسکرپشن سے حاصل ہونے والی رقم کے مقصد سے بینک اکاؤنٹ کھولنا، چلانا اور بند کرنا؛

(v) بورڈ کی جانب سے الاٹ کیے جانے کے بعد رائٹ شیئرز کو کریڈٹ کرنا اور آڈیٹرز کے سرٹیفکیٹ کے ساتھ ایس ای سی پی/پی ایس ایکس/سی ڈی سی کے تقاضہ کے مطابق ریٹرن/دستاویزات داخل کرنا؛ اور

(vi) کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 83(3) کے تحت آفر لیٹر کے ساتھ آفر لیٹر، سرکلر تیار کرنا، رائٹ شیئرز اور دیگر دستاویزات کے اجراء کا شیڈول اور مذکورہ دستاویزات اور شیڈول میں کوئی ترمیم کرنا اور اس سلسلے میں مذکورہ بالا قراردادوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے معاہدوں یا کسی بھی معاون یا حادثاتی اقدامات سمیت تمام ضروری اقدامات کرنا جن میں کسی بھی دستاویز پر عمل درآمد بھی شامل ہے۔

کوئی دیگر امور:

6۔ صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امور پر کارروائی کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت AGM میں سرانجام دیئے جانے والے مذکورہ خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کا بیان AGM کے اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

بحکم بورڈ

ملک مہدی محمد

سی ایف او اینڈ کمپنی سیکرٹری

کراچی:

26 مارچ 2025ء

نوٹس:

1۔ کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 23 اپریل 2025ء تا 29 اپریل 2025ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے رجسٹرار دفتر میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (SMC-Pvt.) لمیٹڈ، 17th فلور، صائمہ ٹریڈ ٹاور A، آئی آئی، چندریگر روڈ، کراچی میں 22 اپریل 2025ء کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والی منتقلیاں بروقت تصور ہونگی۔

2۔ اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل رکن اجلاس میں اپنی جانب سے شرکت، تقریر اور ووٹ دینے کیلئے کسی دیگر شخص کو اپنا/اپنی پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسیاں، تاکہ موثر ہوسکیں، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً وصول ہوجانی چاہئیں۔ ایک رکن ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا اہل نہیں ہے۔

3۔ سنٹرل ڈپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کے مقصد کے لئے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز، سی ڈی سی میں اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ کے آئی ڈی نمبرز اپنے ہمراہ لائیں۔ بصورت کارپوریٹ اینٹٹی، بورڈ کی قرارداد/مختار نامہ معہ نمونہ دستخط اجلاس کے وقت جمع کرانا ہونگے (اگر پہلے فراہم نہیں کیے گئے)۔

4۔ ارکان جنہوں نے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز کی کاپی کمپنی کے رجسٹرار کو ابھی جمع نہیں کرائی ان سے التماس ہے کہ جلد از جلد ارسال کریں۔

5۔ شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ اپنے پتہ میں تبدیلی اگر کوئی ہو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع فرمائیں۔

6۔ کمپنی نے الیکٹرانک ذرائع (یعنی ویڈیو لنک، ویبنار، زومنگ وغیرہ) کے ذریعے اجلاس عام میں اراکین کی شرکت کا انتظام کیا ہے۔ اس سلسلے میں، دلچسپی رکھنے والے حصص یافتگان متعلقہ معلومات (یعنی شیئر ہولڈر کا نام، سی این آئی سی نمبر، فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، سیل نمبر، ای میل ایڈریس وغیرہ) کمپنی سیکرٹری کو سالانہ اجلاس عام (AGM) کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل ای میل ایڈریس: info@cstarinsurance.com پر فراہم کرکے درخواست کرسکتے ہیں۔

7۔ بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور SRO 2192(1)/2022 مورخہ 5 دسمبر 2022 کو نوٹیفائیڈ ترامیم کے مطابق ممبران کو مذکورہ ریگولیشنز میں بیان کردہ شرائط کے مطابق AGM میں خصوصی امور کے لئے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ کمپنی اپنے اراکین کو ووٹنگ کے لئے مندرجہ ذیل اختیارات فراہم کرے گی:

i) ای ووٹنگ کا طریقہ کار

(a) ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبروں کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے مؤثر CNIC نمبرز، سیل نمبرز اور ای میل ایڈریسز مقررہ وقت میں کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

(b) ویب ایڈریس: لاگ ان کی تفصیلات، ممبروں کو ای میل کے ذریعہ مطلع کی جائیں گی۔

(c) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے ارکان کی تصدیق مصدقہ لاگ ان کے ذریعے کی جائے گی۔

(d) ای ووٹنگ لائنیں 23 اپریل 2025 کو صبح 10:00 بجے شروع ہوں گی اور 28 اپریل 2025 کو شام 5:00 بجے بند ہوں گی۔ ارکان اس مدت میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

ii) پوسٹل بیلٹ

پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے لئے ممبران کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی دفعات کے مطابق اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرسکتے ہیں کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 143 اور 144 کے تقاضہ سے مشروط ہے۔ ضرورت پڑنے پر مذکورہ ریگولیشنز کے تحت طے شدہ قانونی مدت کے اندر شیئر ہولڈرز کو اس حوالے سے مزید تفصیلات سے آگاہ کیا جائے گا۔

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ CNIC کی کاپی کے ساتھ باقاعدہ طور پر جمع کرائے گئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر AGM سے ایک دن قبل یعنی 28 اپریل 2025 کو اوقات کار کے دوران کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں ڈاک کے ذریعے چیئرمین اجلاس تک پہنچ جائیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC یا کمپنی کے ریکارڈ پر دستخط کے ساتھ مماثل ہوں گے۔

8۔ ممبران ای میل کے ذریعہ سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشوارے اور اجلاس عام کا نوٹس وصول کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ ممبران اس سلسلے میں اپنی رضامندی مقررہ فارمیٹ پر شیئر رجسٹرار کو دے سکتے ہیں۔ 31 دسمبر، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کمپنی کی ویب سائٹ www.cstarinsurance.com پر بھی دستیاب ہیں:

9۔ ایس ای سی پی کی طرف سے جاری کردہ ہدایت کے مطابق S.R.O.452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025، کمپنی تمام شیئر ہولڈرز کو مطلع کرنا چاہتی ہے کہ اجلاس میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

10۔ پراکسی فارم منسلک ہے۔

خصوصی امور کے بارے میں کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان

نوٹس کی کاپی کے ہمراہ نوٹس میں بیان کردہ خصوصی قراردادوں کی منظوری کے لئے ارکان کا اجلاس طلب کئے جانے کے مقصد کے لئے ہے۔ خصوصی قراردادوں سے متعلق مادی حقائق درج ذیل ہیں:

ایجنڈا آئٹم 4: کمپنی کے مجاز حصص سرمائے میں اضافہ

26 مارچ 2025ء کو منعقد ہونے والے اپنے اجلاس میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق، کمپنی کے مجاز حصص سرمایہ کو -/1,150,000,000 روپے (ایک بلین ایک سو پچاس ملین پاکستانی روپے) سے بڑھا کر -/1,500,000,000 روپے (ایک بلین پانچ سو ملین پاکستانی روپے) کیا جانا ہے۔ سرمائے میں اس اضافے کے لیے کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی کلاز V میں بھی ترمیم کی ضرورت ہوگی اور مجوزہ ترمیم کے بعد ذیل کے مطابق پڑھا جائے گا:

کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی کلاز V

کمپنی کا مجاز سرمایہ -/1,500,000,000 روپے (ایک بلین اور پانچ سو ملین روپے صرف) جو کہ ہر ایک -/10 روپے کے 150,000,000 (ایک سو پچاس ملین) عام حصص میں تقسیم کیا گیا ہے۔ کمپنی کے پاس کمپنی ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق کمپنی کے سرمائے کو بڑھانے، کم کرنے یا دوبارہ منظم کرنے اور فی الحال سرمائے میں حصص کو متعدد طبقات میں تقسیم کرنے کا اختیار ہوگا۔

ایجنڈا آئٹم 5: کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 83 کے مطابق کمپنی کے عام حصص کا اجراء

ہر ایک -/10 روپے (پاکستانی دس روپے) کی قیمت کے مزید 40,924,116 (چالیس ملین نو سو چوبیس ہزار ایک سو سولہ) عام حصص جاری کر کے کمپنی کے عام جاری کردہ ادا شدہ حصص سرمائے میں اضافہ کیا جائے، جو کہ کمپنی کے ممبران کو ہر 100 عام حصص کے لئے تقریباً 38 رائٹ شیئرز یعنی تقریباً 38 فیصد کے تناسب سے -/7 روپے (پاکستانی سات روپے) کی رعایت پر -/3 روپے (پاکستانی تین روپے) فی رائٹ شیئر کی قیمت پر پیش کیے جائیں گے۔

مندرجہ ذیل رائٹ کے اجراء کی مقدار، سائز، قیمت اور مقصد کے ساتھ ساتھ آمدنی کے استعمال، کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کو اس کے فوائد، رائٹ کے اجراء سے وابستہ خطرے کے عوامل، اوکمپنیز (حصص کا مزید اجراء) ریگولیشنز 2020 کے ریگولیشن 3(1)(iii) کے مطابق رعایت پر حصص کے اجراء کا جواز ہے۔

a) رائٹ اجراء کی مقدار (یعنی موجودہ ادا شدہ سرمائے کے فیصد کے طور پر)

رائٹ اجراء کی مقدار کمپنی کے موجودہ ادا شدہ سرمائے کا تقریباً 38 فیصد ہے یعنی کمپنی کے حصص منتقلی کی کتابوں کے بند ہونے سے فوراً پہلے کمپنی کے شیئر ہولڈرز کے پاس موجود ہر 100 عام حصص کے لئے تقریباً 38 رائٹ شیئرز ہیں۔

b) رائٹ اجراء کا سائز

کمپنی 40,924,116 (چالیس ملین نو سو چوبیس ہزار ایک سو سولہ صرف) عام حصص جاری کرے گی، جو -/7 روپے (سات پاکستانی روپے) کی رعایت پر -/3 روپے (تین پاکستانی روپے) فی رائٹ شیئر کی قیمت کے برابر ہے، جس کی مجموعی مالیت 122,772,348 روپے (ایک سو بائیس ملین سات سو بہتر ہزار تین سو اڑتالیس روپے صرف) ہے۔

c) فی حصص اجراء قیمت

-/3 روپے (تین پاکستانی روپے) فی حصص (یعنی -/7 روپے (سات پاکستانی روپے) کی رعایت پر مساوی)

d) رائٹ اجراء کا مقصد

رائٹ اجراء کا مقصد انشورنس مصنوعات کی مارکیٹنگ اور ڈسٹیبلائزیشن سمیت کمپنی کے انشورنس کاروبار کو وسعت دینے سے متعلق ورکنگ کیپٹل کی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔

e) رائٹ اجراء سے حاصل ہونے والی آمدنی کا استعمال

رائٹ اجراء سے حاصل ہونے والی آمدنی بنیادی طور پر کمپنی کے انشورنس کاروبار کو وسعت دینے سے متعلق ورکنگ کیپٹل کی ضروریات کے لئے استعمال کی جائے گی جس میں انشورنس مصنوعات کی مارکیٹنگ اور ڈسٹیبلائزیشن بھی شامل ہے۔

f) کمپنی اور شیئر ہولڈرز کے لئے فوائد

کمپنی رائٹ اجراء کے ذریعے حاصل ہونے والی نقد رقم کو کمپنی کے انشورنس کاروبار کو وسعت دینے سے متعلق ورکنگ کیپٹل کی ضروریات کے لئے استعمال کرے گی جس میں انشورنس مصنوعات کی مارکیٹنگ اور ڈسٹیبلائزیشن شامل ہے جس سے کمپنی کے منافع میں اور شیئر ہولڈرز کو متوقع منافع میں اضافہ ہوگا۔

g) رائٹ اجراء سے وابستہ خطرے کے عوامل، اگر کوئی ہو

کمپنی کا رائٹ اجراء -/7 روپے (سات پاکستانی روپے) کی رعایت پر کیا جارہا ہے جو -/3 روپے (تین پاکستانی روپے) فی رائٹ شیئر کی قیمت پر ہے جس کا حساب رائٹ اعلان سے فوراً پہلے 90 دن کی اوسط قیمت پر کیا جاتا ہے، لہذا رائٹ اجراء سے وابستہ کوئی بڑا سرمایہ کاری خطرہ نہیں ہے۔ کمپنی کے اکثریتی شیئر ہولڈرز اور ڈائریکٹرز نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ رائٹ کے حقوق کو سبسکرائب کریں گے (یا سبسکرپشن کا انتظام کریں گے)، جبکہ رائٹ اجراء کا بقیہ حصہ قابل اطلاق قواعد وضوابط کے تحت ضروریات کے مطابق مکمل طور پر لکھا جائے گا۔ کاروبار سے وابستہ معمول کے خطرات برقرار رہیں گے۔

h) کم از کم سبسکرپشن کی رقم

قابل اطلاق نہیں۔

i) ASBA

انتخاب نہیں کیا گیا